© rasailojaraid.com

**ISSUES IN THE ISLAMIC MOVEMENT**

مرتب: کلیم صدیقی - ناشر: دی اوپن پریس لمیٹڈ۔
338 HOLLYBERRY TRAIL, WILLODALE, ONT., CANADA M2H 2P6

کلیم صدیقی صاحب مسلم انسٹی ٹیوٹ لندن سے متعلق ہیں۔ اور ادارتی مشاغل کے علاوہ تحریر و تقریر کے مزید دائروں میں بھی کام کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ مجموعۂ مضامین کریسنٹ انٹرنیشنل کے فائل (۱۹۸۰ - ۸۱ء) سے مرتب کیا ہے۔ مختلف اصحاب کی لکھی ہوئی یہ تحریریں ایک سال کے اُن حالات و واقعات کے آئینہ دار ہیں جو اسلامی تحریک (خصوصاً ایرانی انقلاب) سے متعلق نمودار ہوئے۔ بہ اشارۂ مرتب یہ مضامین ایسے صحافیانہ کالم نہیں ہیں جو ایک ایک کر کے نگاہوں سے گزر جاتے ہیں اور فراموش ہو جاتے ہیں بلکہ یہ ایک ایسے بڑے واقعہ کے تسلسل کے آئینہ دار ہیں، جو ہمارے سامنے تکمیل پا رہا ہے۔ لہٰذا یہ تحریریں اخباری نوعیت کے وقتی نوٹ نہیں ہیں، بلکہ ایک مستقل سرمایہ فکر ہیں۔ ان مضامین کے تین پہلو قابلِ توجہ ہیں۔

ایک یہ کہ ان سب کا مرکز و محور ایران کا انقلاب ہے۔

دوسرے یہ کہ ان کے ذریعے مغربی پروپیگنڈے کی نظر فریب ساحری کا مقابلہ کیا گیا ہے۔

تیسرے یہ کہ مسلم انسٹی ٹیوٹ لندن، کریسنٹ انٹرنیشنل اور کلیم صدیقی اسلامی انقلاب کا اپنا ایک تصور رکھتے ہیں۔ اور اسی پر بنی نقطۂ نظر سے احوال کا جائزہ لیتے ہیں۔ خوشی کی بات ہے کہ کلیم صدیقی صاحب کا زاویۂ نگاہ پہلے سے قدرے زیادہ متوازن ہے۔

پڑھنے والوں کو اس مجموعے کے مندرجات یا اُن کے فکری پس منظر سے چاہے اختلاف ہوں، پھر بھی اس کا مطالعہ مفید رہے گا۔ ہم اسلام و جاہلیت کے جس دورِ کشمکش سے گزر رہے ہیں، اس میں حالات کو ہر زاویہ سے دیکھنا چاہیے۔

کاغذ، طباعت، ٹائیٹل مغربی معیار کے مطابق بہت خوشنما۔

**اُردو رسم الخط**

از پروفیسر سید محمد سلیم - ناشر: مقتدرہ قومی زبان - ۲۴۳ ڈی، بلاک نمبر ۷ گلشن اقبال، کراچی ۴۷ - کاغذ، کتابت، طباعت، ٹائیٹل خوشنما، صفحات: ۹۸،
قیمت غیر مجلد: -/۱۵ روپے

© rasailojaraid.com